PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 31اگست2023ء

آج الیکشن کمیشن کے سیاسی جماعتوں کے ساتھ دو مشاورتی اجلاس ہوئے۔ پہلا اجلاس تحریک لبیک پاکستان اور دوسرا اجلاس پاکستان مسلم لیگ (ق) کے وفد کے ساتھ بالترتیب 11:30 بجے صبح اور 2 بجے دوپہر ہوا۔ اجلاس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری ودیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

تحریک لبیک پاکستان کی طرف سے چوہدری رضوان صاحب، محمد قاسم صاحب، ضیاء الرحمن صاحب اور چوہدری اظہر صاحب نے اجلاس میں شرکت کی۔ جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ق) کی طرف سے جناب محمد طارق حسین، محترمہ فرخ خان، جناب غلام مصطفی، رضوان صادق اور حافظ عقیل جلیل شریک ہوئے۔

تحریک لبیک پاکستان کے وفد نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں گورنمنٹ نے یونین کونسلوں کی تعداد 50 سے 101 اور اسکے بعد 125 کر دی یہ گورنمنٹ کی بدنیتی تھی جس کی وجہ سے انتخابات نہیں ہوئے لہذا یہ اختیارات گورنمنٹ کے پاس نہیں ہونے چاہیں۔ پاکستان میں یونین کونسلیں بااختیار نہیں ہیں انہیں بااختیار بنایا جائے تاکہ لوکل گورنمنٹ سسٹم بہتر ہو۔ الیکشن کمیشن انتخابی فہرستوں سے فوت شدہ ووٹروں کے اخراج کو یقینی بنائے۔ انہوں نے زور دیا کہ ریٹرننگ آفیسر عدلیہ سے تعینات نہ کئے جائیں کیونکہ وہ الیکشن کے کام پر زیادہ توجہ نہیں دے سکتے۔ الیکشن کے دوران میڈیا بڑی سیاسی پارٹیوں کو کوریج دیتا ہے جبکہ تحریک لبیک پاکستان کو کوریج نہیں دی جاتی۔ اسی طرح انہوں نے تجویز کیا کہ انتخابات کی مانیٹرنگ کو بہتر بنایا جائے۔ تاکہ انتخابات کی شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے 90 دن کے اندر انتخابات کروانے چاہیں اگر حلقہ بندیاں کروانی ہیں تو عملہ کی تعداد بڑھائی جائے۔ تاکہ جتنی جلدی ممکن ہو یہ کام مکمل ہو۔ مزید انہوں نے کہا کہ الیکشن سے پہلے امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنایا جائے۔

چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آرٹیکل A-140 کے تحت الیکشن کمیشن صوبوں کے لوکل گورنمنٹ قوانین کے مطابق الیکشن کروانے کا پابند ہے۔ صوبہ جات اور حکومتیں الیکشن کروانا نہیں چاہتیں۔ الیکشن کمیشن جب الیکشن کے انعقاد کے لئے انتظامات مکمل کر لیتا ہے تو قوانین میں تبدیلی کر دی جاتی ہے۔ اسلام آباد میں یہی ہوا۔ مزید فوت شدگان ووٹران کو انتخابی فہرستوں سے اخراج کے لئے الیکشن کمیشن نے نادرا اور یونین کونسل کی طرف سے فوت شدگان کا ڈیٹا لے کر انتخابی فہرستوں سے انکا اخراج یقینی بنایا۔ اور یہ کام مستقل بنیادوں پر جاری ہے۔ مزید الیکشن کمیشن انتخابی کمپین اور اخراجات کی باقاعدہ مانیٹرنگ کرے گا۔ اس کے لئے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے بتایا کہ امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کے ساتھ ساتھ پاک فوج اور دیگر لاء انفورسنگ ایجنسیز کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ الیکشن کمیشن ضابطہ اخلاق پر بھی پارٹیوں سے مشاورت کرے گا۔

(جاری آگے صفحہ نمبر2پر)

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING

PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ:

جس کا ڈرافٹ سیاسی پارٹیوں کو مشاورت سے پہلے بھیجا جائے گا۔ اس پر اپنا فیڈ بیک دیں تا کہ آئندہ انتخابات کے لئے بہتر سے بہتر ضابطہ اخلاق شائع کیا جائے۔

اس کے علاوہ چیف الیکشن کمشنر نے کہا پارٹی کی بعض تجاویز پر قانون سازی کی ضرورت ہے اس پر الیکشن کمیشن اپنا کردار ادا کرے گا اور سیاسی پارٹیوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

پاکستان مسلم لیگ (ق) کے وفد نے الیکشن کمیشن کے نئی حلقہ بندی کے فیصلے کی تائید کی۔ وفد کے ممبران کا کہنا تھا کہ کیونکہ مردم شماری کے نتائج شائع ہو چکے ہیں۔ لہذا نئی مردم شماری کے مطابق نئی حلقہ بندی ضرور ہونی چاہیے۔ اگر حلقہ بندی نہ کی گئی تو یہ ایک زیادتی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ صاف وشفاف حلقہ بندی اور غیر منصفانہ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔

مزید انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن ایک آئینی ادارہ ہے ہم اسکے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیں الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں الیکشن کمیشن نے جتنے انتخابات کروائے ہیں وہ انتہائی شفاف تھے۔ انہوں نے الیکشن کے تمام مراحل میں الیکشن کمیشن کو مکمل معاونت کا یقین بھی دلایا۔

چیف الیکشن کمشنر نے وفود کو یقین دلایا کہ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق حلقہ بندی کا کام 120 دن کے اندر 14 دسمبر 2023 کو مکمل ہونا ہے الیکشن کمیشن حلقہ بندی کے کام کے دورانیے کو مزید کم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اسکے فوراًبعد الیکشن شیڈول کا اعلان کر دیا جائے گا۔ مزید حلقہ بندیاں اور انتخابات کا انعقاد آئین و قانون کے مطابق شفاف انداز میں مکمل ہو گا۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING